سوال

بسم اللہ الرحمن الرحیم السلام علیکم سموکنگ حرام یا حلال ؟ اور کیا شراب کی حرمت کی طرح اسکو بھی حرام کہنا صحیح رہے گا ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جواب سگریٹ نوشی کے نقصانات اس قدر زیادہ ہیں کہ ان کو دیکھتے ہوئے اس کی حرمت میں کوئی شک باقی نہیں رہ جاتا۔ لہٰذا ہر مسلمان کے لیے اس سے بچنا نہایت ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ولا تلقوا بأیدیکم إلی التہلکة (البقرة: 195) ''اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔'' دوسری جگہ ارشاد فرمایا: ولا تقتلوا أنفسکم إن اللہ کان بکم رحیماً (النساء: 29) ''اور اپنی جانوں کو قتل نہ کرو بلاشبہ اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرنے والے ہیں۔'' ڈاکٹرز حضرات کے بقول سیگریٹ میں بہت سی مضر صحت چیزیں موجود ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں نشہ بھی ہوتا ہے۔ اس لیے سیگریٹ نوشی جائز نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم